روزنامہ

C.P.L 61 ٹیلی فون نمبر 213029

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

جمعہ 15 فروری 2002ء 1422 ہجری- 15 تبلیغ 1381 ہش جلد 52-87 نمبر 39

موعود شادی اور اولاد

حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے حضرت عیسیٰؑ کے نزول کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:-

وہ شادی کریں گے اور ان کو اولاد عطا کی جائے گی-

(مشکوۃ باب نزول عیسی- الفصل الثالث)

مصلح موعود کے متعلق متعدد نشانوں کی حامل پیشگوئی

نور آتا ہے نور جس کو خدا نے اپنی رضامندی کے عطر سے ممسوح کیا

ہم اس میں اپنی روح ڈالیں گے اور خدا کا سایہ اس کے سر پر ہوگا

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کو خدا تعالیٰ نے مخاطب کر کے فرمایا:-

"میں تجھے ایک رحمت کا نشان دیتا ہوں اسی کے موافق جو تو نے مجھ سے مانگا- سو میں نے تیری تضرعات کو سُنا اور تیری دعاؤں کو اپنی رحمت سے بہ پایہ قبولیت جگہ دی اور تیرے سفر کو (جو ہوشیار پور اور لودھیانہ کا سفر ہے) تیرے لئے مبارک کر دیا- سو قدرت اور رحمت اور قُربت کا نشان تجھے دیا جاتا ہے- فضل اور احسان کا نشان تجھے عطا ہوتا ہے اور فتح اور ظفر کی کلید تجھے ملتی ہے- اے مظفر تجھ پر سلام! خدا نے یہ کہا تا وہ جو زندگی کے خواہاں ہیں موت کے پنجہ سے نجات پاویں اور وہ جو قبروں میں دبے پڑے ہیں باہر آویں- اور تا دین (-) کا شرف اور کلام اللہ کا مرتبہ لوگوں پر ظاہر ہو اور تا حق اپنی تمام برکتوں کے ساتھ آجائے اور باطل اپنی تمام نحوستوں کے ساتھ بھاگ جائے اور تا لوگ سمجھیں کہ میں قادر ہوں جو چاہتا ہوں سو کرتا ہوں- اور تا وہ یقین لائیں کہ میں تیرے ساتھ ہوں اور تا انہیں جو خدا کے وجود پر ایمان نہیں لاتے اور خدا اور خدا کے دین اور اس کی کتاب (-) کو انکار اور تکذیب کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ایک کھلی نشانی ملے- اور مجرموں کی راہ ظاہر ہو جائے- سو تجھے بشارت ہو کہ ایک وجیہہ اور پاک لڑکا تجھے دیا جائے گا- ایک زکی غلام (لڑکا) تجھے ملے گا- وہ لڑکا تیرے ہی تخم سے تیری ہی ذرّیت و نسل ہو گا- خوبصورت پاک لڑکا تمہارا مہمان آتا ہے- اس کا نام عنموائیل اور بشیر بھی ہے- اس کو مقدس روح دی گئی ہے اور وہ رِجس سے پاک ہے وہ نور اللہ ہے- مبارک وہ جو آسمان سے آتا ہے-

اُس کے ساتھ فضل ہے جو اُس کے آنے کے ساتھ آئے گا- وہ صاحبِ شکوہ اور عظمت اور دولت ہو گا- وہ دنیا میں آئے گا اور اپنے مسیحی نفس اور روح الحق کی برکت سے بہتوں کو بیماریوں سے صاف کرے گا-(-) خدا کی رحمت و غیوری نے اُسے کلمۂ تمجید سے بھیجا ہے- وہ سخت ذہین و فہیم ہو گا- اور دل کا حلیم- اور علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائے گا- اور وہ تین کو چار کرنے والا ہو گا (اس کے معنے سمجھ میں نہیں آئے) دو شنبہ ہے مبارک دو شنبہ- فرزند دلبند گرامی ارجمند مظہر الاوّل والآخر، مظہر الحق والعلاء (-) جس کا نزول بہت مبارک اور جلال الٰہی کے ظہور کا موجب ہو گا- نور آتا ہے نور جس کو خدا نے اپنی رضامندی کے عطر سے ممسوح کیا- ہم اس میں اپنی روح ڈالیں گے اور خدا کا سایہ اس کے سر پر ہو گا- وہ جلد جلد بڑھے گا اور اسیروں کی رُستگاری کا موجب ہو گا اور زمین کے کناروں تک شہرت پائے گا اور قومیں اس سے برکت پائیں گی- تب اپنے نفسی نقطہ آسمان کی طرف اٹھایا جائے گا- وکان امراً مقضیاً"

(اشتہار 20 فروری 1886ء- روحانی خزائن جلد نمبر 5 ص 647)

ترتیب: فخر الحق شمس صاحب

سیدنا محمود پیشگوئی مصلح موعود کا مصداق - تحریرات حضرت مسیح موعود

☆ حضرت مسیح موعود اشتہار 12 جنوری 1889ء میں تحریر فرماتے ہیں:

''خدائے عزوجل نے جیسا کہ اشتہار دہم جولائی 1888ء و اشتہار دسمبر 1888ء میں مندرج ہے۔ اپنے لطف و کرم سے وعدہ دیا تھا کہ بشیر اول کی وفات کے بعد ایک دوسرا بشیر دیا جائے گا جس کا نام محمود بھی ہوگا۔ اور اس عاجز کو مخاطب کر کے فرمایا تھا کہ وہ اولوالعزم ہوگا۔ اور حسن و احسان میں تیرا نظیر ہوگا۔ وہ قادر ہے جس طور سے چاہتا ہے پیدا کرتا ہے۔ سو آج 12 جنوری 1889ء میں مطابق 9 جمادی الاول 1306ھ روز شنبہ میں اس عاجز کے گھر میں بفضلہٖ تعالیٰ ایک لڑکا پیدا ہو گیا ہے۔ جس کا نام بالفعل محض تفاؤل کے طور پر بشیر اور محمود بھی رکھا گیا ہے اور کامل انکشاف کے بعد پھر اطلاع دی جائے گی۔''

(مجموعہ اشتہارات جلد اول ص 191)

☆ ''پانچویں پیشگوئی میں نے اپنے لڑکے محمود کی پیدائش کی نسبت کی تھی کہ وہ اب پیدا ہوگا۔ اور اس کا نام محمود رکھا جائے گا۔ اور اس پیشگوئی کی اشاعت کے لئے سبز ورق کے اشتہار شائع کئے گئے تھے جو اب تک موجود ہیں۔ اور ہزاروں آدمیوں میں تقسیم ہوئے تھے۔ چنانچہ وہ لڑکا پیشگوئی کی میعاد میں پیدا ہوا۔ اور اب نویں سال میں ہے۔''

☆ حاشیہ میں مزید فرماتے ہیں:۔

''سبز اشتہار میں صریح لفظوں میں بلا توقف لڑکا پیدا ہونے کا وعدہ تھا۔ سو محمود پیدا ہو گیا۔ کس قدر یہ پیشگوئی عظیم الشان ہے۔ کہ اگر خدا کا خوف ہے تو پاک دل کے ساتھ سوچو۔''

(سراج منیر - روحانی خزائن جلد 12 ص نمبر 36)

☆ ''مجھے اللہ تعالیٰ نے ایک لڑکے کے پیدا ہونے کی بشارت دی۔ چنانچہ قبل از ولادت بذریعہ اشتہار کے وہ پیشگوئی شائع ہوئی۔ پھر بعد اس کے وہ لڑکا پیدا ہوا۔ جس کا نام بھی رؤیا کے مطابق محمود احمد رکھا گیا۔ اور یہ پہلا لڑکا ہے جو سب سے بڑا ہے۔''

(نزول المسیح - روحانی خزائن جلد نمبر 18 ص 570)

☆ ''میرا پہلا لڑکا جو زندہ موجود ہے جس کا نام محمود ہے ابھی وہ پیدا نہیں ہوا تھا۔ جو مجھے کشفی طور پر اس کے پیدا ہونے کی خبر دی گئی۔ اور میں نے (بیت الذکر) کی دیوار پر اس کا نام لکھا ہوا یہ پایا کہ محمود۔ تب میں نے اس پیشگوئی کے شائع کرنے کے لئے سبز رنگ کے ورقوں پر ایک اشتہار چھاپا جس کی تاریخ اشاعت یکم دسمبر 1888ء ہے اور یہ اشتہار مورخہ یکم دسمبر 1888ء ہزاروں آدمیوں میں شائع کیا گیا۔ اور اب تک اس میں سے بہت سے اشتہارات میرے پاس موجود ہیں۔''

(تریاق القلوب - روحانی خزائن جلد 15 ص نمبر 214)

☆ ''محمود جو میرا بیٹا ہے اس کے پیدا ہونے کے بارے میں اشتہار دہم جولائی 1888ء میں اور نیز اشتہار یکم دسمبر 1888ء میں جو سبز رنگ کے کاغذ پر چھاپا گیا تھا۔ پیشگوئی کی گئی اور سبز رنگ کے اشتہار میں یہ بھی لکھا گیا کہ اس پیدا ہونے والے لڑکے کا نام محمود رکھا جائے گا۔ اور یہ اشتہار محمود کے پیدا ہونے سے پہلے ہی لاکھوں انسانوں میں شائع کیا گیا۔''

(تریاق القلوب روحانی خزائن جلد 15 ص نمبر 219)

☆ ''چونتیسواں نشان یہ ہے کہ میرا ایک لڑکا فوت ہو گیا تھا اور مخالفوں نے جیسا کہ ان کی عادت ہے اس لڑکے کے مرنے پر بڑی خوشی ظاہر کی تھی۔ تب خدا نے مجھے بشارت دے کر فرمایا کہ اس کے عوض میں جلد ایک اور لڑکا پیدا ہوگا۔ جس کا نام محمود ہوگا۔ اور اس کا نام ایک دیوار پر لکھا ہوا مجھے دکھایا گیا۔ تب میں نے ایک سبز رنگ اشتہار میں ہزار ہا موافقوں اور مخالفوں میں پیشگوئی شائع کی۔ اور ابھی ستر دن پہلے لڑکے کی موت پر نہیں گزرے تھے کہ یہ لڑکا پیدا ہو گیا اور اس کا نام محمود احمد رکھا گیا۔''

(حقیقۃ الوحی - روحانی خزائن جلد 22 ص نمبر 227)

☆ ''میرے سبز اشتہار کے ساتویں صفحہ میں اس دوسرے لڑکے کے پیدا ہونے کے بارے میں یہ بشارت ہے۔ دوسرا بشیر دیا جائے گا۔ جس کا دوسرا نام محمود ہے۔ وہ اگرچہ اب تک جو یکم ستمبر 1888ء ہے پیدا نہیں ہوا۔ مگر خدا تعالیٰ کے وعدہ کے موافق اپنی میعاد کے اندر ضرور پیدا ہوگا۔ زمین آسمان ٹل سکتے ہیں پر اس کے وعدوں کا ٹلنا ممکن نہیں۔

یہ ہے عبارت اشتہار سبز کے صفحہ سات کی جس کے مطابق جنوری 1889ء میں لڑکا پیدا ہوا۔ جس کا نام محمود رکھا گیا اور اب تک بفضلہٖ تعالیٰ زندہ موجود ہے۔ اور سترھویں سال میں ہے۔''

(حقیقۃ الوحی - روحانی خزائن جلد 22 ص نمبر 374)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا دعویٰ - میں پیشگوئی مصلح موعود کا مصداق ہوں

☆ حضرت مصلح موعود نے قادیان میں 28 جنوری 44ء کو خطبہ جمعہ میں اپنی تفصیلی رؤیا بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ میری زبان پر یہ فقرہ جاری ہوا۔ و انا المسیح الموعود مثیلہ و خلیفۃ اور میں ہی مسیح موعود ہوں یعنی اس کا مثیل اور خلیفہ ہوں...... اس الہام الٰہی سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ وہ پیشگوئی جو مصلح موعود کے متعلق تھی خدا تعالیٰ نے میری ہی ذات کے لئے مقدر کی ہوئی تھی ...... خدا تعالیٰ نے اپنی مشیت کے ماتحت آخر اس امر کو ظاہر کر دیا اور مجھے اپنی طرف سے علم بھی دے دیا کہ مصلح موعود سے تعلق رکھنے والی پیشگوئیاں میرے متعلق ہیں......

میں نے وہ تمام پیشگوئیاں پڑھیں اور اب ان پیشگوئیوں کو پڑھنے کے بعد میں خدا تعالیٰ کے فضل سے یقین اور وثوق کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ خدا تعالیٰ نے یہ پیشگوئی میرے ذریعہ سے ہی پوری کی ہے۔

(الفضل یکم فروری 1944ء)

جلسہ ہوشیار پور کے موقع پر حضرت مصلح موعود نے فرمایا:

میں خدا کے حکم کے ماتحت قسم کھا کر یہ اعلان کرتا ہوں کہ خدا نے مجھے حضرت مسیح موعود کی پیشگوئی کے مطابق آپ کا وہ موعود بیٹا قرار دیا ہے۔ جس نے زمین کے کناروں تک حضرت مسیح موعود کا نام پہنچانا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا۔ کہ میں ہی موعود ہوں۔ اور کوئی موعود قیامت تک نہیں آئے گا۔ حضرت مسیح موعود کی پیشگوئیوں سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض اور موعود بھی آئیں گے۔ اور بعض ایسے موعود بھی ہوں گے جو صدیوں کے بعد پیدا ہوں گے۔ بلکہ خدا نے مجھے بتایا ہے کہ وہ ایک زمانہ میں خود مجھ کو دوبارہ دنیا میں بھیجے گا۔ اور میں پھر کسی شرک کے زمانہ میں دنیا کی اصلاح کے لئے آؤں گا جس کے معنے یہ ہیں کہ میری روح ایک زمانہ میں کسی اور شخص پر جو میرے جیسی طاقتیں رکھتا ہوگا نازل ہوگی۔ اور وہ میرے نقش قدم پر چل کر دنیا کی اصلاح کرے گا۔ پس آنے والے آئیں گے اور اللہ تعالیٰ کے وعدوں کے مطابق اپنے اپنے وقت پر آئیں گے۔

میں جو کچھ کہتا ہوں وہ یہ ہے کہ وہ پیشگوئی جو حضرت مسیح موعود پر اس شہر ہوشیار پور میں سامنے والے مکان میں نازل ہوئی جس کا اعلان آپ نے اس شہر سے فرمایا۔ اور جس کے متعلق فرمایا۔ کہ وہ نو سال کے عرصہ میں پیدا ہوگا۔ وہ پیشگوئی میرے ذریعہ سے پوری ہو چکی ہے۔ اور اب کوئی نہیں جو اس پیشگوئی کا مصداق ہو سکے۔

(الفضل 19 فروری 1960ء)

☆ آج میں نے اپنے فرض کو ادا کر دیا اور میں نے سب لوگوں کو بتا دیا کہ حضرت مسیح موعود کی وہ پیشگوئی جو آپ نے اپنے ایک لڑکے کے متعلق فرمائی تھی اور جس میں بتایا تھا کہ وہ زمین کے کناروں تک شہرت پائے گا میرے ذریعہ سے پوری ہو چکی ہے۔ اور میں ہی آپ کا وہ موعود بیٹا ہوں جس کا اس اشتہار میں ذکر کیا گیا تھا جو آپ نے 20 فروری 1886ء کو شائع کیا۔

(الفضل 19 فروری 1960ء)

☆ جلسہ لاہور میں سیدنا حضرت مصلح موعود نے خدائے واحد و قہار کی قسم کھا کر نہایت پر شوکت الفاظ میں اعلان عام فرمایا:۔

''آج میں اس جلسہ میں اس واحد و قہار خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں جس کی جھوٹی قسم کھانا لعنتیوں کا کام ہے اور جس پر افترا کرنے والا اس کے عذاب سے کبھی بچ نہیں سکتا کہ خدا نے مجھے اسی شہر لاہور میں نمبر 13 ٹمپل روڈ پر شیخ بشیر احمد صاحب ایڈووکیٹ کے مکان میں یہ خبر دی کہ میں ہی مصلح موعود کی پیشگوئی کا مصداق ہوں۔ اور میں ہی وہ مصلح موعود ہوں جس کے ذریعہ (دین حق) دنیا کے کناروں تک پہنچے گا۔ اور توحید دنیا میں قائم ہوگی۔''

(الفضل 18 فروری 1958ء)

باقی صفحہ 9 پر

پبلشر آغا سیف اللہ - پرنٹر قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس - مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت 6 روپے

حضرت مسیح موعود کو بتایا گیا کہ آپ کی عقدہ کشائی ہوشیار پور میں ہو گی

سیدنا حضرت اقدس مسیح موعود کے سفر ہوشیار پور اور چلہ کشی کی روئداد

ان دنوں میں مجھ پر بڑے بڑے خداتعالیٰ کے فضل کے دروازے کھلے ہیں

سب سے بڑا نشان پسر موعود کی پیش خبری کی صورت میں ملا

محمد محمود طاہر نائب مدیر الفضل

حضرت مرزا غلام احمد قادیانی بانی جماعت احمدیہ براہین احمدیہ کی تصنیف و اشاعت کے بعد آفاقی شہرت حاصل کر چکے تھے اور حقانیت دین حق پر آپ دیگر ادیان کو چیلنج دے چکے تھے اور آپ پر خداتعالیٰ کے افضال و برکات اور تائیدات کے نشانات بارش کی طرح نازل ہو رہے تھے۔ اسی دور میں خداتعالیٰ کی طرف سے آپ کے دل میں قادیان سے باہر جا کر چلہ کشی کرنے کی تحریک اٹھی اور آپ نے 1884ء میں سوجان پور جا کر چلہ کرنے کا فیصلہ کیا اور اپنے اس ارادہ سے اپنے مخلص مرید حضرت منشی عبداللہ صاحب سنوری کو اطلاع بھی دے دی۔

مگر حضرت مسیح موعود کو الہاماً بتایا گیا کہ آپ کی عقدہ کشائی ہوشیار پور میں ہوگی۔ اس الٰہی منشاء کے مطابق آپ اپنے تین خادموں کے ہمراہ بہلی میں بیٹھ کر دریائے بیاس کے راستے ہوشیار پور تشریف لے گئے اور 22 جنوری 1886ء کو ہوشیار پور میں شیخ مہر علی صاحب رئیس ہوشیار پور کے ایک مکان جو طویلہ کے نام سے مشہور تھا اس کے بالاخانے میں قیام فرمایا اور خداتعالیٰ کے حضور خلوت نشینی میں مناجات و عبادات کی توفیق پائی اور الٰہی بشارات کی روشنی میں آپ نے 20 فروری 1886ء کو پسر موعود کی پیشگوئی فرمائی جو کہ اخبار ریاض ہند امرتسر یکم مارچ 1886ء کی اشاعت میں بطور ضمیمہ شائع ہوئی۔ حضرت مسیح موعود کی 17 مارچ 1886ء کو قادیان مراجعت ہوئی۔

حضرت منشی عبداللہ سنوری صاحب کی روایت

حضرت منشی عبداللہ سنوری صاحب حضرت مسیح موعود کے ممتاز رفقاء میں شامل ہیں۔ ان کو اس یادگار سفر میں آغاز سے آخر تک ہم سفر رہنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ ''ایں سعادت بزور بازو نیست''۔ ان کی تفصیلی روایت جو کہ سیرۃ المہدی جلد اول میں روایت نمبر 88 کی ذیل میں مندرج ہے۔ اس سفر کے حالات اور حضرت مسیح موعود کے شب و روز پر روشنی ڈالتی ہے۔ حضرت منشی عبداللہ صاحب سنوری سفر ہوشیار پور کی روداد یوں بیان کرتے ہیں:۔

''جب آپ ماہ جنوری 1886ء میں ہوشیار پور جانے لگے تو مجھے خط لکھ کر حضور نے قادیان بلا لیا اور شیخ مہر علی رئیس ہوشیار پور کو خط لکھا کہ میں دو ماہ کے واسطے ہوشیار پور آنا چاہتا ہوں کسی ایسے مکان کا انتظام کر دیں جو شہر کے ایک کنارہ پر ہو اس میں بالاخانہ بھی ہو۔ شیخ مہر علی نے اپنا ایک مکان جو طویلہ کے نام سے مشہور تھا خالی کروا دیا۔ حضور بہلی میں بیٹھ کر دریائے بیاس کے راستے تشریف لے گئے''۔

حضرت مسیح موعود کے ہم سفر

حضرت مسیح موعود کے ساتھ اس سفر میں منشی عبداللہ سنوری صاحب جو کہ خاص طور پر قادیان ہم سفری کے لئے تشریف لائے تھے ان کے علاوہ حضرت صاحب کے خادم خاص حضرت شیخ حامد علی صاحب اور فتح خان ساتھ تھا۔ (فتح خان رسول پور متصل ٹانڈہ کا رہنے والا تھا اور حضور کا بڑا معتقد تھا مگر بعد میں مولوی محمد حسین بٹالوی کے زیر اثر ہو گیا) حضرت میاں عبداللہ سنوری صاحب بیان کرتے ہیں کہ:۔

''حضور جب دریا پر پہنچے تو چونکہ کشتی تک پہنچنے کے رستہ میں کچھ پانی تھا اس لئے ملاح نے حضور کو اٹھا کر کشتی میں بٹھایا جس پر حضور نے اسے ایک روپیہ انعام دیا۔ دریا میں جب کشتی چل رہی تھی حضور نے مجھ سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ **میاں عبداللہ کامل کی صحبت اس سفر دریا کی طرح ہے جس میں پار ہونے کی بھی امید ہے اور غرق ہونے کا بھی اندیشہ ہے۔** میں نے حضور کی یہ بات سرسری طور پر سنی مگر جب فتح خان مرتد ہوا تو مجھے حضرت صاحب کی بات یاد آئی''۔

''خیر ہم راستہ میں فتح خان کے گاؤں میں قیام کرتے ہوئے دوسرے دن ہوشیار پور پہنچے وہاں جاتے ہی حضرت صاحب نے طویلہ کے بالاخانہ میں قیام فرمایا''۔

خادموں کی ڈیوٹیاں

حضرت صاحب نے اپنے ساتھ جانے والے تینوں خادموں کو ہوشیار پور پہنچ کر الگ الگ ڈیوٹیاں لگا دیں۔ چنانچہ حضرت عبداللہ سنوری صاحب بیان کرتے ہیں کہ:۔

''اس غرض سے کہ ہمارا آپس میں کوئی جھگڑا نہ ہو ہم تینوں کے الگ الگ کام مقرر فرما دیئے۔ چنانچہ میرے سپرد کھانا پکانے کا کام ہوا۔ فتح خان کی یہ ڈیوٹی لگائی گئی کہ وہ بازار سے سودا وغیرہ لایا کرے۔ شیخ حامد علی کا یہ کام مقرر ہوا کہ گھر کے بالائی کام اور آنے جانے والے کی مہمان نوازی کرے''۔

ملاقات کی ممانعت اور خادموں کو ہدایات

حضرت اقدس مسیح موعود چونکہ خلوت نشینی میں چلہ کشی کرنے کے واسطے ہوشیار پور تشریف لے گئے تھے اس لئے آپ نے احباب سے ملنے کی ممانعت کا اعلان کیا۔ حضرت عبداللہ سنوری صاحب بیان کرتے ہیں:۔

''حضرت مسیح موعود نے بذریعہ دستی اشتہارات اعلان کر دیا کہ چالیس دن تک مجھے کوئی صاحب ملنے نہ آویں اور نہ کوئی صاحب مجھے دعوت کے لئے بلائیں۔ ان چالیس دن کے گزرنے کے بعد میں یہاں بیس دن اور ٹھہروں گا۔ ان بیس دنوں میں ملنے والے ملیں اور دعوت کا ارادہ رکھنے والے دعوت کر سکتے ہیں اور سوال و جواب کرنے والے سوال و جواب کر لیں۔ حضرت صاحب نے ہم کو بھی حکم دے دیا کہ ڈیوڑھی کے اندر کی زنجیر ہر وقت لگی رہے اور گھر میں بھی کوئی شخص مجھے نہ بلائے۔ میں اگر کسی کو بلاؤں تو وہ اسی حد تک میری بات کا جواب دے جس حد تک ضروری ہے۔ اور نہ اوپر بالاخانہ میں کوئی میرے پاس آوے۔ میرا کھانا اوپر پہنچا دیا جاوے مگر اس کا انتظار نہ کیا جاوے کہ میں کھانا کھالوں۔ خالی برتن پھر دوسرے وقت لے جایا کریں۔ نماز میں اوپر الگ پڑھا کروں گا تم نیچے پڑھ لیا کرو۔ جمعہ کیلئے حضرت صاحب نے فرمایا کوئی ویران سی بیت الذکر تلاش کرو جو شہر کے ایک طرف ہو۔ جہاں ہم علیحدگی میں نماز ادا کر سکیں چنانچہ شہر کے باہر ایک باغ تھا اس میں ایک چھوٹی سی ویران بیت الذکر تھی وہاں جمعہ کے دن حضور تشریف لے جایا کرتے تھے اور ہم کو نماز پڑھاتے تھے اور خطبہ بھی خود پڑھتے تھے''۔

چلّہ کے دوران مخاطبات الٰہیہ کا سلسلہ

خلوت نشینی کے ان ایام میں اللہ تعالیٰ نے بارش کی طرح الہامات اور مخاطبات کا سلسلہ جاری فرمایا اور پسر موعود کی عظیم الشان پیشگوئی سے بھی نوازا۔ حضرت میاں عبداللہ سنوری صاحب روایت کرتے ہیں:۔

''میں کھانا چھوڑنے اوپر جایا کرتا تھا اور حضور سے کوئی بات نہیں کرتا تھا مگر کبھی حضور مجھ سے خود کوئی بات کرتے تھے تو جواب دے دیتا تھا۔ ایک دفعہ حضرت صاحب نے مجھ سے فرمایا۔ میاں عبداللہ ان دنوں مجھ پر بڑے بڑے خداتعالیٰ کے فضل کے دروازے کھلے ہیں اور بعض اوقات دیر دیر تک خداتعالیٰ مجھ سے باتیں کرتا رہتا ہے اگر ان کو لکھا جاوے تو کئی ورق ہو جاویں''۔

''ایک دن جب میں کھانا رکھنے اوپر گیا تو حضور نے فرمایا کہ مجھے الہام ہوا (۔) برکت دیا گیا ہے جو اس میں ہے اور جو اس کے ارد گرد ہے۔ اور حضور نے تشریح فرمائی کہ من فیھا سے میں مراد ہوں اور من حولھا سے تم لوگ مراد ہو''۔

حضرت میاں عبداللہ صاحب سنوری مزید بیان فرماتے ہیں کہ:۔

''میں تو سارا دن گھر میں رہتا تھا صرف جمعہ کے دن حضور کے ساتھ ہی باہر جاتا تھا اور شیخ حامد علی بھی اکثر گھر میں رہتا تھا لیکن فتح خان اکثر سارا دن ہی باہر رہتا تھا''۔

پیشگوئی پسر موعود کا اشتہار

حضرت اقدس مسیح موعود نے 20 فروری 1886ء

کو ایک اشتہار اپنے قلم سے تحریر فرمایا جس میں پیشگوئی مصلح موعود کے عظیم الشان الفاظ تحریر ہیں۔ یہ اشتہار اخبار ریاض ہند امرتسر یکم مارچ 1886ء کی اشاعت میں بطور ضمیمہ شائع ہوا۔

چلّہ کے بعد ہوشیار پور میں قیام

چلّہ کے اختتام پر حسب وعدہ حضرت مسیح موعود نے ہوشیار پور میں قیام فرمایا۔ حضرت میاں عبداللہ سنوری صاحب کی روایت کے مطابق ان دنوں میں کئی لوگوں نے دعوتیں کیں اور کئی لوگ مذہبی تبادلہ خیالات کے لئے آئے اور باہر سے حضور کے پرانے ملنے والے لوگ بھی آئے انہی دنوں ماسٹر مرلی دھر سے آپ کا مباحثہ ہوا جو سرمہ چشم آریہ کتاب میں درج ہے۔ قادیان کے لئے واپس اسی راستہ سے روانہ ہوئے۔

ایک بزرگ کی قبر پر دعا اور نشان کا ظہور

قادیان واپس جاتے ہوئے ہوشیار پور سے پانچ چھ میل کے فاصلہ پر ایک بزرگ کی قبر پر حضرت صاحب رکے اور دعا کی۔ حضرت میاں عبداللہ سنوری صاحب روایت بیان کرتے ہیں کہ:۔

"ہوشیار پور سے پانچ چھ میل کے فاصلہ پر ایک بزرگ کی قبر ہے اور فرمایا یہ عمدہ سایہ دار جگہ ہے۔ یہاں تھوڑی دیر ٹھہر جاتے ہیں اس کے بعد حضور قبر کی طرف تشریف لے گئے میں بھی پیچھے پیچھے ساتھ ہو گیا......... آپ مقبرہ پر پہنچ کر اس کا دروازہ کھول کر اندر گئے اور قبر کے سرہانے کھڑے ہو کر دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے اور تھوڑی دیر تک دعا فرماتے رہے۔ پھر واپس آئے اور مجھ سے مخاطب ہو کر فرمایا "جب میں نے دعا کے لئے ہاتھ اٹھائے تو جس بزرگ کی یہ قبر ہے وہ قبر سے نکل کر دو زانو ہو کر میرے سامنے بیٹھ گئے اور اگر آپ ساتھ نہ ہوتے تو میں ان سے باتیں بھی کر لیتا۔ ان کی آنکھیں موٹی موٹی اور رنگ سانولا ہے"۔ پھر کہا کہ دیکھو اگر یہاں کوئی مجاور ہے تو اس سے ان کے حالات پوچھیں۔ چنانچہ حضور نے مجاور سے دریافت کیا اس نے کہا میں نے ان کو خود نہیں دیکھا کیونکہ ان کی وفات کو قریباً سو سال گزر گیا ہے۔ ہاں اپنے باپ دادا سے سنا ہے کہ یہ علاقہ کے بڑے بزرگ تھے اور اس علاقہ میں ان کا بہت اثر تھا۔ حضور نے پوچھا ان کا حلیہ کیا تھا؟ وہ کہنے لگا سنا ہے سانولا رنگ تھا اور موٹی موٹی آنکھیں تھیں۔ پھر ہم وہاں سے روانہ ہو کر قادیان پہنچ گئے"۔

(سیرۃ المہدی از حضرت مرزا بشیر احمد صاحب جلد اول روایت نمبر 88)

حضرت مولانا برہان الدین صاحب جہلمی کی ہوشیار پور آمد

حضرت مسیح موعود کے جلیل القدر رفیق اور ممتاز عالم دین حضرت مولانا برہان الدین صاحب جہلمی جو کہ اہل حدیث کے لیڈر رہتے تھے اور اہل حدیث کے بڑے بڑے علماء آپ کے شاگرد تھے۔ وہ تلاش حق کے لئے حضرت مسیح موعود کے پاس قادیان تشریف لے گئے۔ قادیان پہنچ کر انہیں علم ہوا کہ حضور تو ہوشیار پور تشریف لے گئے ہیں چنانچہ آپ عازم ہوشیار پور ہوئے اور یہاں آپ کی ملاقات باوجود ممانعت کے حضرت مسیح موعود سے ہوئی۔ ملاقات کے بعد مولوی صاحب نے حضرت مسیح موعود سے بیعت لینے کی گزارش کی لیکن حضور نے فرمایا ابھی حکم نہیں ہے۔

ہوشیار پور میں مولانا برہان الدین صاحب جہلمی نے حضرت مسیح موعود کا مشاہدہ کیسے کیا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے الفاظ میں پیش ہے حضور بیان فرماتے ہیں:۔

"یہ ان دنوں کا ذکر ہے جب حضرت مسیح موعود چلّہ کے لئے ہوشیار پور تشریف لے گئے تھے۔ وہ (یعنی مولوی برہان الدین صاحب) قادیان سے ہوشیار پور پہنچے مگر وہاں پہنچ کر معلوم ہوا کہ آپ سے ملاقات نہیں ہو سکتی کیونکہ حضرت مسیح موعود نے اپنے ساتھ والوں کو ہدایت دے دی تھی کہ کسی کو اندر نہیں آنے دینا اور شیخ حامد علی صاحب کو دروازہ پر بٹھایا ہوا تھا کہ وہ نگرانی رکھیں اور کسی کو اندر نہ آنے دیں۔ یہ وہاں پہنچے اور انہوں نے منتیں کیں کہ مجھے ملنے دو مگر انہوں نے نہیں مانا۔ آخر مولوی برہان الدین صاحب نے کہا کہ مجھے صرف چک اٹھا کر ایک دفعہ دیکھ لینے دو اس سے زیادہ کچھ نہیں کرونگا۔ لیکن حامد علی صاحب نے یہ بات بھی نہ مانی۔ مگر اللہ تعالیٰ نے چونکہ ان کی خواہش کو پورا کرنا تھا اس لئے اتفاق ایسا ہوا کہ ایک دفعہ حضرت مسیح موعود کو کوئی ضرورت پیش آئی اور آپ نے فرمایا میاں حامد علی تم فلاں چیز لے آؤ۔ وہ اس طرف چلے گئے اور انہیں موقعہ میسر آ گیا یہ .... گئے اور انہوں نے چک اٹھا کر حضرت مسیح موعود کو دیکھا آپ اس وقت کچھ لکھ رہے تھے اور جلدی جلدی کمرہ میں ٹہل رہے تھے۔ یہ عام نظر میں بہت معمولی بات ہے مگر صاحب عرفان کی نگاہ میں یہ بڑی بات تھی انہوں نے آپ کو دیکھا اور واپس آ گئے۔ لوگوں نے آپ سے پوچھا مولوی صاحب آپ نے کیا دیکھا انہوں نے کہا اس نے بہت دور جانا ہے یہ کمرے میں بھی تیز تیز چل رہا تھا جس سے معلوم ہوتا تھا کہ اس نے بڑا کام کرنا ہے"۔

(روزنامہ الفضل 5 جولائی 1957ء صفحہ 5)

حضرت مولوی عبدالمغنی صاحب ابن حضرت مولانا برہان الدین صاحب جہلمی کی روایت

حضرت مولانا برہان الدین صاحب جہلمی جب قادیان سے ہوشیار پور پہنچے تو آپ نے حضرت اقدس مسیح موعود سے ملاقات کا شرف حاصل کرنے کی درخواست کی اس سلسلہ میں آپ کو جو واقعات پیش آئے وہ آپ ہی کی زبانی پیش ہیں۔ اس روایت کو آپ کے فرزند رشید حضرت مولوی عبدالمغنی صاحب رفیق حضرت مسیح موعود نے اس طرح بیان کیا ہے۔

"والد صاحب (مولوی برہان الدین صاحب) دروازہ پر پہنچے۔ دستک دی۔ ملازم نے آنے پر درخواست ملاقات کی کہ برہان ملنا چاہتا ہے۔ ملازم جواب لایا حضور فرماتے ہیں فرصت نہیں ہے۔ دوبارہ عرض کی کہ میں دور سے آیا ہوں ضروری ملنا ہے پھر جواب آیا کہ کسی اور وقت آنا۔ سہ بارہ عرض کی کہ جا کر کہو۔ برہان وہابی جہلم سے ملاقات کے لئے آیا ہے۔ دروازے پر بیٹھا ہے ملے بغیر نہیں جائے گا۔ والد صاحب فرمایا کرتے تھے کہ ادھر میں پیغام دے رہا تھا۔ ادھر حضور کو الہام ہوا اکرم ضیفک (اپنے مہمان کی عزت افزائی کرو) حضور نے ملازم کو آواز دی کہ آپ کو جلدی بلالو۔ اندر لے آؤ۔ چنانچہ میں اندر چلا گیا۔ اور بغور حضور کے حالات کا مطالعہ کرنے لگا۔ حضور اس مکان کے چوبارہ میں اوپر والی منزل پر رہتے تھے اور چوبارہ کے ساتھ برآمدہ بھی تھا...... میں چونکہ چھان بین کی نگاہ سے دیکھنے کیلئے گیا تھا۔ مجھے یہ معلوم ہوا کہ نوکر جب روٹی رکھ کر آتا ہے تو حضور کے پاس ایک ٹوکری ہے اس میں روٹی رکھ کر بعض دفعہ باری (کھڑکی) کا دروازہ کھول کر گلی میں مانگنے والے کو لٹکا کر دیا کرتے۔ چونکہ حضور بالا خانہ میں رہتے اور میں نچلی منزل میں ہی رہتا اس لئے میں نے آپ کے دن بھر کے مشاغل سے واقف ہونے کے لئے کوشش کی کہ کسی طرح معلوم ہو کہ آپ دن بھر کرتے کیا ہیں؟ میں نے مکان کے ایک کونہ میں پتھر وغیرہ رکھ کر ایک اونچی جگہ بنائی جہاں سے بالا خانہ کے برآمدہ پر کچھ نظر پڑ سکتی تھی۔ یہاں میں کھڑے ہو کر دیکھا کرتا بعض دفعہ تو حضور اس برآمدہ میں خالی چلتے نظر آتے۔ سر پر ترکی یعنی رومی ٹوپی ہوتی۔ بعض دفعہ سر سے ننگے بھی ہوتے اور نہایت تیز چلتے۔ اور دنیا و مافیہا کی خبر نہیں۔ والد صاحب فرمایا کرتے تھے کہ حضور کے تیز تیز چلنے سے میں نے **یہ قیافہ لگایا کہ اس شخص نے دور کی منزل جانا** ہے۔ اور بعض دفعہ برآمدہ میں چلتے اور لکھتے نظر آتے۔ دوات دونوں کناروں کے طاقچوں پر کاغذ ہاتھ پر اور قلم سے لکھتے جاتے ہیں اور چلتے بھی جاتے ہیں"۔

حضرت مسیح موعود سے حضرت مولوی برہان الدین صاحب جہلمی کا علمی تبادلہ خیالات

"والد صاحب (یعنی مولوی برہان الدین صاحب جہلمی) فرمایا کرتے تھے کہ تبادلہ خیالات کیلئے اجازت حاصل ہونے کے بعد پہلے دن میں نے معمولی سوال و جواب کئے اور بعض احادیث پیش کیں۔ حدیثوں کے متعلق میں نے دیکھا کہ حضرت صاحب قرآن شریف کی آیات پڑھ کر کسی حدیث کو صحیح قرار دیتے یا ضعیف۔ یہ انوکھا استدلال دیکھ کر میں حیران ہوا کہ کسی حدیث کو صحیح یا مرسل وغیرہ قرار دینا آسان کام نہیں بلکہ بہت مشکل کام ہے۔ محدثین کا طریق تو یہ ہے کہ راویوں کو دیکھا جائے۔ ان کے حالات معلوم کئے جائیں۔ یہ کیا جائے۔ وہ کیا جائے۔ مگر یہ عجیب استدلال ہے کہ یہ حدیث قرآن کے مخالف ہے لہٰذا ضعیف ہے۔ یہ حدیث قرآن کی تصدیق کرتی ہے یہ صحیح ہے۔ خیر پہلے دن میں کچھ شرمندہ ہو کر واپس چلا آیا اور آپ کے علم قرآن کی کچھ قدر میرے دل میں بیٹھی۔

دوسرے دن خاص تیاری کر کے میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ سوال و جواب شروع ہوئے۔ میں نے دیکھا کہ حضرت صاحب نے میرے اردگرد قرآن کریم کا قلعہ لگا دیا یعنی چاروں طرف قرآن کریم کی دیوار لگا دی۔ میں حضور کی قرآن دانی سن کر اور طرز بیان سادہ جس میں قطعاً تصنع اور بناوٹ کا شائبہ نہیں تھا، دیکھ کر حیران اور ششدر رہ گیا۔ میں نے باوجودیکہ تفسیر قرآن کریم کے متعلق وسیع معلومات رکھتے ہوئے اور کئی تفاسیر نظر سے گزارتے ہوئے۔ حضرت صاحب سے قرآن کریم کی بعض آیات کے حقائق اور معارف سنے تو دل عش عش کر اٹھا۔ کیونکہ تفاسیر میں اس کا عشر عشیر تو درکنار مفسرین تو اس کوچہ سے بالکل بیگانہ دیکھے۔ **اس وقت میرے دل نے فیصلہ کیا کہ برہان جس کی تلاش میں تم حیران و سرگرداں مارے مارے پھر رہے تھے وہ گوہر مراد یہی ہے۔** جب رات کو لوٹ کر پھر نفس نے سر اٹھایا اور جوش دلایا کہ کل کا دن تو دیکھو۔ چنانچہ تیسری دفعہ پھر جب سوال و جواب شروع ہوئے اور میرے ترکش میں جس قدر تیر اصول معانی، منطق، فلسفہ صرف و نحو کے تھے استعمال کرنے شروع کئے تو حضرت صاحب نے نہایت محبت اور پیار اور سادگی سے فرمایا کہ **مولوی صاحب تحقیق حق اور چیز ہے اور ہار جیت کا خیال اور چیز ہے۔ بس حضور کا یہ فرمانا تھا کہ پھر میرے نفس نے مجھے نہایت ملامت کی۔** اور میں نے اسی وقت حضور کی خدمت میں عرض کی کہ حضور میری بیعت لیں۔ حضرت صاحب نے فرمایا کہ مجھے ابھی بیعت لینے کا حکم نہیں"۔

(ماہنامہ انصار اللہ ربوہ اگست 1977ء)

مکرم مولوی مہر الدین صاحب کی روایت

حضرت مولانا برہان الدین صاحب جہلمی کے ایک شاگرد مولوی مہر الدین صاحب بیان کرتے ہیں کہ:۔

"حضرت مولوی برہان الدین صاحب نے انہیں

باقی صفحہ 9 پر

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی مالی تحریکات

نصف صدی سے زائد عرصہ پر پھیلی ہوئی کامیاب مالی تحریکات جو جماعت احمدیہ کی تاریخ کا درخشندہ باب ہیں

مکرم ریاض محمود باجوہ صاحب - شعبہ تاریخ احمدیت

دعوت حق کے لئے عالمگیر نظام

12 اپریل 1914ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے ارشاد پر بیت مبارک قادیان میں اشاعت حق کے معاملہ پر غور کرنے کے لئے ملک بھر کے ڈیڑھ سو سے زائد احمدی نمائندوں کی مجلس شوریٰ ہوئی۔

شوریٰ کے سامنے حضور نے ''منصب خلافت'' کے موضوع پر تقریر فرمائی جس میں دعوت دین حق کے عالمگیر نظام کے قیام کے سلسلہ میں تفصیلات بیان فرمائیں۔ ان تفصیلات میں اموال کے حوالے سے فرمایا۔ ''پس میرے دوستو روپیہ کے معاملے میں گھبرانے اور فکر کرنے کی کوئی بات نہیں ...... خدا آپ ہی ہمارا محاسب اور محصل ہوگا اس کے پاس ہمارے سب خزانے ہیں ...... پھر ہمیں کیا فکر ہے ہاں ثواب کا ایک موقعہ ہے مبارک وہ جو اس سے فائدہ اٹھاتا ہے''

(''منصب خلافت'' ص16 تا 19 طبع اوّل)

انجمن ترقی دین کی امداد

انجمن ترقی (دین) جسے حضور نے 12 اپریل 1914ء کو قائم فرمایا تھا۔ اس کے مقاصد پورے کرنے کے لئے حضور نے اپریل 1914ء کے آخری ہفتہ میں بارہ ہزار روپے کی اپیل فرمائی۔ جس پر احباب جماعت نے ایمان افروز رنگ میں لبیک کہا اور اس اپیل کا تقاضہ پورا فرمایا۔

(تاریخ احمدیت جلد 5 ص 169)

امپیریل ریلیف فنڈ

1914ء ہی میں حضور نے ''انڈین امپیریل ریلیف فنڈ'' کے لئے مالی تحریک فرمائی۔

جس کے لئے صرف قادیان ہی سے بارہ صد روپیہ جمع ہو گیا۔

(تاریخ احمدیت جلد 5 ص 177)

منارۃ المسیح کی تکمیل

حضور نے 27 نومبر 1914ء کے خطبہ جمعہ میں منارۃ المسیح کی تکمیل کے لئے مخلصین جماعت کو تحریک فرمائی کہ وہ اس میں حصہ لیں۔ چنانچہ مخلصین سلسلہ کی مالی قربانی کے باعث یہ منارہ دسمبر 1916ء میں مکمل ہوا۔ (تاریخ احمدیت جلد 5 ص 179)

خواتین کے لئے دعوت الی اللہ فنڈ

1916ء کے آخر میں حضور نے احمدی عورتوں کو تحریک فرمائی کہ وہ ولایت میں دعوت دین حق کے لئے ایک فنڈ قائم کریں۔ ابتداً یہ تحریک قادیان میں شروع ہوئی اور سب سے پہلے چوہدری فتح محمد صاحب سیال ایم اے کی اہلیہ (نواسی حضرت خلیفۃ المسیح الاول) نے اس میں حصہ لیا۔

(ضمیمہ الفضل 16 دسمبر 1916ء ص 5، 6)

بیت فضل لندن کی تعمیر

7 جنوری 1920ء کو حضور نے یہ تحریک فرمائی تھی۔ احباب جماعت نے جس رنگ میں اس تحریک پر لبیک کہا اس پر تبصرہ کرتے ہوئے ایڈیٹر اخبار ''تنظیم'' امرتسر جناب عبدالمجید قریشی نے لکھا: ''سمعْ و اطاعت'' کا اسوہ حسنہ اور کیا ہو سکتا ہے کہ 10 جون تک ساڑھے اٹھہتر ہزار روپیہ نقد اس کار خیر کے لئے جمع ہو گیا تھا''

(تاریخ احمدیت جلد 5 ص 258)

شدھی کے خلاف اعلان جہاد

7 مارچ 1923ء کو حضور نے اعلان فرمایا کہ جماعت فتنہ ارتداد کے خلاف جہاد کے لئے ہر قربانی کے لئے تیار ہو جائے۔ حضور نے اس تحریک میں جس عظیم الشان جانی و مالی قربانی کا مطالبہ فرمایا اس پر جماعت کے ڈیڑھ ہزار افراد نے اپنی آنریری خدمات پیش کر دیں۔ اور پچاس ہزار روپیہ بھی جلد جمع ہو گیا۔ نمایاں مالی قربانی کرنے والوں میں حضرت نواب محمد علی خاں صاحب، حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ، حضرت نواب محمد عبداللہ خاں صاحب، جنرل اوصاف علی خاں صاحب، چوہدری نصر اللہ خاں صاحب، چوہدری محمد ظفر اللہ خاں صاحب وغیرہ شامل تھے۔ غریب احمدیوں کو بھی حسب توفیق اس تحریک میں شامل ہونے کا موقعہ دیا گیا۔

(تاریخ احمدیت جلد 5 ص 332 تا 337)

برلن کی بیت الذکر

2 فروری 1923ء کو حضور نے یہ تحریک فرمائی کہ برلن کی بیت الذکر کی تعمیر خواتین کے چندہ سے ہوا۔ احمدی خواتین نے اس تحریک پر ایثار و قربانی کا شاندار نمونہ دکھایا۔

(الفضل 8 فروری 1923ء ص 6)

تحریک چندہ خاص

حضور نے 10 فروری 1925ء کو مخلصین جماعت کو ایک لاکھ روپیہ کے خاص چندہ کی تحریک فرمائی۔ جس کا مقصد سفر یورپ اور اشاعت کتب کیلئے جو قرض لیا گیا تھا اس کی ادائیگی اور کارکنوں کی تنخواہیں ادا کرنا تھا۔

(الفضل 17 فروری 1925ء ص 5)

ریزرو فنڈ کی تحریک

سلسلہ احمدیہ کی ضروریات ایسی تھیں کہ جماعتی بجٹ سے پوری نہیں ہو سکتی تھیں۔ ان حالات کے پیش نظر حضور نے 1927ء میں 25 لاکھ روپے کے ''ریزرو فنڈ'' کو قائم کرنے کی تحریک فرمائی۔

(تقریر دلپذیر ص 39)

اس ''ریزرو فنڈ'' میں حضرت چوہدری ظفر اللہ خاں صاحب کا حصہ سب سے زیادہ تھا۔

(رپورٹ مجلس مشاورت 1930ء ص 75)

چندہ خاص کی دوسری تحریک

یہ اپیل 17 جولائی 1928ء کے اخبار الفضل میں شائع ہوئی۔ احباب جماعت کو تحریک کی گئی کہ وہ اس سال بھی اپنی آمد میں سے چندہ عام کے علاوہ ایک معین رقم چندہ خاص میں ادا کریں۔

حضور کے ارشاد کے مطابق مخلصین جماعت نے اس تحریک کے تقاضہ کو بھی پورا کر دیا۔

(تاریخ احمدیت جلد 6 ص 71-72)

احمدیہ مشن لندن

لندن مشن کا کام روز بروز پھیل رہا تھا۔ مشن میں ایک مجاہد کے اضافہ سے مالی بوجھ بڑھ گیا تھا۔ چنانچہ حضور نے احمدی خواتین کو تحریک فرمائی کہ وہ لندن مشن کا زائد خرچ اٹھائیں اور جو کچھ دیں اپنے پاس سے دیں نہ کہ مردوں کی جیب سے لیکر۔

(الفضل 23 اکتوبر 1928ء ص 3-7-8)

ڈھاکہ اور ضلع حصار کے مظلوم مسلمانوں کی امداد

1930ء کے وسط میں ڈھاکہ اور حصار کے مسلمانوں پر ہندوؤں نے مظالم ڈھانے شروع کئے۔ حضور نے مسلمانوں کی ہر طرح کی امداد کے لئے احمدیوں کو تحریک فرمائی۔

ڈھاکہ کے احمدیوں نے اس تحریک میں بھرپور حصہ لیا۔ اور متاثرین کی مالی امداد بھی کی۔

(تاریخ احمدیت جلد 6 ص 242)

کشمیر ریلیف فنڈ

حضرت مصلح موعود نے کشمیری مسلمانوں کے حقوق حاصل کرنے اور ان کی امداد کرنے کے لئے جس جدوجہد کا آغاز فرمایا تھا۔ جماعت احمدیہ اپنے محبوب امام کی راہنمائی اور ہدایات کے مطابق ہر طرح کی قربانیوں میں شروع سے ہی حصہ لے رہی تھی۔ 1931ء کے جلسہ سالانہ پر حضور نے جماعت احمدیہ کی طرف سے اہل کشمیر کے لئے مالی و جانی قربانیوں کا عہد کیا اور 5 فروری 1932ء کو حضور نے مسلمانان کشمیر کے لئے ایک پائی فی روپیہ چندہ دینے کی اہم تحریک فرمائی۔ جماعت کے ہر طبقہ نے اس مطالبہ پر نہایت اخلاص سے لبیک کہا۔

(تاریخ احمدیت جلد 6 ص 476، 552، 554، 555)

مجاہدین کشمیر کی اعانت

مجاہدین کشمیر کی موسمی ضروریات کو پورا کرنے کی طرف حضور نے اہل ملک کو خاص توجہ دینے کی تحریک فرمائی۔

اس کار خیر میں خود بھی اور احباب جماعت کو بھی شامل کیا۔ حضور نے 14 نومبر 1947ء کو ملک میں کشمیر فنڈ کے قیام کی بھی تحریک کی۔

(تاریخ احمدیت جلد 6 ص 661 جلد 11 ص 330)

ادائیگی قرضہ کی تحریک

1931-32ء کا مالی سال جماعتی لحاظ سے بڑا تنگی کا سال تھا جس میں بہتر ہزار روپیہ کے قریب قرض

ہو چکا تھا- کچھ اور قرضے بھی تھے- چنانچہ حضور نے احباب جماعت کو تحریک فرمائی کہ ایسی کوشش کی جائے کہ پچھلا قرضہ اتر جائے- جماعت نے تین ماہ کے اندر اندر چندہ خاص کے سمیت قریباً پونے دولاکھ روپیہ اپنے مقدس امام کے حضور پیش کر دیا- جس پر حضور نے خوشنودی کا اظہار فرمایا-

(الفضل 19 مئی 1932ء ص 5)

تحریک برائے قرضہ

سلسلہ کی ضروریات کے پیش نظر فروری 1934ء میں مرکزی ادارہ نظارت امور عامہ کی طرف سے ساٹھ ہزار روپیہ قرض کی ایک تحریک کی گئی- مطالبہ تھا کہ مخلصین سلسلہ کم از کم ایک سو روپیہ اس تحریک میں دیں- یہ تحریک غیر معمولی طور پر کامیاب ہوئی اور ساٹھ ہزار کی بجائے پچھتر ہزار روپیہ اس تحریک میں جمع ہو گیا- جس پر حضور نے خوشنودی کا اظہار فرمایا-

(تاریخ احمدیت جلد 7 ص 162)

زلزلہ کے متاثرین کی امداد

15 جنوری 1934ء میں ایک قیامت خیز زلزلہ آیا جس نے بنگال سے لے کر پنجاب تک تباہی مچا دی- حضور نے 2 فروری 1934ء کے خطبہ جمعہ میں جماعت احمدیہ کو ہدایت فرمائی کہ وہ زلزلہ کے مصیبت زدگان کی بلا امتیاز مذہب وملت امداد کریں- مرکز کی طرف سے بھی تیرہ صد روپے کی رقم بھاگلپور کے امیر صاحب جماعت احمدیہ مولانا عبدالماجد صاحب کو بھجوائی گئی- اور ایک ہزار روپیہ ریلیف فنڈ میں دیا گیا-

(تاریخ احمدیت جلد 7 ص 184-185)

تحریک جدید

اس تحریک کے متعلق اکتوبر 1934ء میں حضور کے دل میں اللہ تعالیٰ نے القاء کیا-

حضور نے اس تحریک کی نسبت پہلا اعلان 19 اکتوبر 1934ء کو فرمایا- تاریخ احمدیت جلد 8 میں اس تحریک کے متعلق مکمل تفصیل موجود ہے-

زلزلہ کوئٹہ کے مصیبت زدگان کی امداد

31 مئی 1935ء کو خدا تعالیٰ کا قہری نشان ظاہر ہوا- یعنی کوئٹہ میں آنے والے زلزلہ نے بہار کے زلزلہ کو بھی مات کر دیا- حضور نے 3 جون 1935ء کو ایک اہم مضمون لکھا جس میں جماعت احمدیہ کو فوری توجہ دلائی کہ کوئٹہ کے مصیبت زدگان کی امداد کی جائے- جماعت احمدیہ نے پیارے امام کی آواز پر پورے خلوص سے لبیک کہا اور مصیبت زدگان کے لئے ہزاروں روپے پیش کر دیئے-

(تاریخ احمدیت جلد 8 ص 225)

جوبلی فنڈ

خلافت ثانیہ کے مبارک عہد پر 1939ء میں پچیس سال ہو گئے تھے- حضرت چوہدری سر محمد ظفر اللہ خاں صاحب کی تجویز تھی کہ 1939ء میں خلافت جوبلی منائی جائے- خدا تعالیٰ کے فضلوں پر شکر ادا کیا جائے- اور عملی ثبوت کے لئے اپنے پیارے اور محبوب امام کے حضور تین لاکھ روپے کی حقیر سی رقم بطور شکرانہ پیش کی جائے جسے حضور جہاں چاہیں خرچ کریں- حضور نے اس تحریک کو پیش کرنے کی اجازت مرحمت فرمادی تھی- جوبلی فنڈ کی اس تحریک پر مخلصین جماعت نے خلافت سے اپنی عقیدت ومحبت اور ایثار وقربانی کا نہایت شاندار نمونہ دکھایا جس کی تفصیل الفضل قادیان 21 اپریل، 29 اپریل، 15 جون، 19 جولائی 1938ء کے شماروں میں شائع شدہ ہے-

(تاریخ احمدیت جلد 8 ص 573 تا ص 576)

غرباء کے لئے غلہ کی تحریک

1942ء میں ہولناک قحط کا آغاز ہوا- جلسہ سالانہ 1941ء کے موقعہ پر ہی حضور نے احباب جماعت کو غلہ وغیرہ کے انتظام کی طرف توجہ دلائی تھی- اس کے بعد 22 مئی 1942ء کو حضور نے ملک کی سب احمدی جماعتوں کو نصیحت فرمائی کہ قادیان کے غرباء کے لئے زکوٰۃ کے رنگ میں اپنے غلہ میں سے چالیسواں حصہ بطور چندہ ادا کریں اور جو لوگ غلہ نہ دے سکیں وہ رقم بھجوا دیں- اس تحریک میں حضور نے پانچ سو من غلہ کا مطالبہ کیا اور اپنی طرف سے پچاس من غلہ دینے کا بھی وعدہ فرمایا-

(تاریخ احمدیت جلد 9 ص 313 تا ص 315)

تحریک وقف جائیداد

حضرت مصلح موعود نے 1944ء میں وقف جائیداد کی تحریک فرمائی تھی- اس تحریک میں قادیان اور بیرونی جماعتوں نے ایک کروڑ روپے مالیت کی جائیداد سلسلہ کی ضروریات کے لئے وقف کر دی تھی-

(تاریخ احمدیت جلد 9 ص 558، ص 596)

تعلیم الاسلام کالج

دعویٰ مصلح موعود کے بعد حضور نے جن تحریکات کا اعلان فرمایا ان میں ایک اہم تحریک کالج کے لئے ڈیڑھ لاکھ چندہ کی تھی- اس کا اعلان حضور نے 24 مارچ 1944ء کو فرمایا-

اس تحریک میں حضور نے اپنی اور اپنی بیویوں کی طرف سے گیارہ ہزار روپیہ دیا-

(تاریخ احمدیت جلد 9 ص 561 جلد 10 ص 20)

بھوکوں کو کھانا کھلانے کی تحریک

30 مئی 1944ء کو حضور نے جماعت احمدیہ کو عموماً اور اہل قادیان کو خصوصاً یہ تحریک فرمائی کہ ہر شخص کو اپنے اپنے محلہ میں اپنے ہمسایوں کے متعلق اس امر کی نگرانی رکھنی چاہئے کہ کوئی شخص بھوکا تو نہیں اگر کوئی ہے تو اسے خواہ اس وقت تک کھانا نہیں کھانا چاہئے جب تک وہ اس بھوکے کو نہ کھلائے-

(الفضل 11 جون 1945ء ص 3)

ہر قسم کے ماربل سلیب- کچن کاؤنٹر ٹائل- کیمیکل پالش کے لئے
سٹار ماربل انڈسٹریز
MARBLES
پلاٹ 40-42 سٹریٹ 10 سیکٹر آئی نائن انڈسٹریل ایریا- اسلام آباد
فون آفس 051-4431121-4432047 پروپرائٹر: شیخ جمیل احمد اینڈ سنز

نور ہوم اپلائنسز
مینوفیکچرز وڈیلر واشنگ مشین- گیزر کوکنگ رینج- ہیٹر وغیرہ
32/B-1 چاندنی چوک راولپنڈی
پروپرائٹر: محمد سلیم منور
فون: 051-4451030-4428520

سمارٹ الیکٹریکل انٹرپرائزز
Philips
P-A سسٹم- سیکیورٹی سسٹم- C.C.T.V سٹلائٹ سسٹم
فلیٹ نمبر 5- بلاک 12/D جناح سپر مارکیٹ
اسلام آباد فون 051-2650347

MUJTABA INTERNATIONAL
EXPORTER OF TEXTILES, LEATHER, AND SPORTS PRODUCTS
284-W, DEFENCE SOCIETY, LAHORE PAKISTAN
TEL:(92-42) 6668281, 6652793
FAX :(92-42) 5730970 EMAIL:MUJTABA-99@YAHOO.COM

تمام امپورٹڈ ورائٹی بغیر ٹانکے کے KDM سے تیار شدہ مدراسی، سنگاپوری، اٹالین بحرینی جیولری کی خریداری کے لئے تشریف لائیں-
نیو احمد جیولرز
گلا چوک شہیداں سیالکوٹ
NAJ
پروپرائٹر: محمد احمد توقیر
فون دوکان 0432-587659
فون رہائش 586297-589024 موبائل فون (0303)7348235

العطاء جیولرز
DT-145-C کری روڈ
ٹرانسفارمر چوک راولپنڈی
پروپرائٹر- طاہر محمود 4844986

BOOK POINT
Commercial Area
Chaklala Scheme NO 3
Rawalpindi Ph.5504262
Prop: Syed Munawwar Ahmad

ہول سیل مرچنٹ
دیہاتی جنرل سٹور
ریل بازار اوکاڑہ
پروپرائٹر: محمد ایوب — فون آفس: 0442-525419

ہندوستان میں سات مراکز

21 جولائی 1944ء کو حضور نے ہندوستان کے سات مقامات پشاور، کراچی، مدراس، بمبئی، کلکتہ، دہلی اور لاہور میں مراکز قائم کرنے کی تحریک فرمائی۔ اس تحریک کے پیش نظر پہلے ہی سال دہلی کی جماعت نے تیس ہزار کے وعدے پیش کر دیئے۔

(الفضل 4۔اگست 1944ء یکم جنوری 1945ء)

توسیع بیت مبارک قادیان

9 مارچ 1944ء کو حضور نے توسیع کا اعلان فرمایا اس پر کام جون 1944ء میں شروع ہوا۔ اس تعمیر کے کام میں ایک معقول حصہ اخراجات کا حضور نے خود ادا کیا باقی چندہ حضور کی ذاتی اپیل پر دوستوں نے پرجوش طوعی صورت میں پیش کیا۔

(تاریخ احمدیت جلد 9 ص 626 و جلد 10 ص 504)

تراجم قرآن اور لٹریچر کی اشاعت

دنیا کی مشہور زبانوں یعنی انگریزی، روسی، جرمن، فرانسیسی، اطالوی، ڈچ، ہسپانوی اور پرتگیزی میں تراجم کی عظیم الشان تحریک حضور نے 20 اکتوبر 1944ء کو فرمائی۔ حضور نے اطالوی ترجمہ کے سلسلہ میں فرمایا کہ اس کا خرچ میں ادا کروں گا۔

(تاریخ احمدیت جلد 9 ص 569)

منارۃ المسیح ہال اور مرکزی

لائبریری

1۔ اپریل 1945ء میں مجلس مشاورت کے موقعہ پر منارۃ المسیح کے اندر وعظ اور مذہبی تقریروں کے لئے ایک ہال کی ضرورت کا ذکر کرتے ہوئے تحریک فرمائی تھی۔ حضور نے بتایا کہ

اس سلسلہ میں دو ہزار روپیہ درکار تھا جو چوہدری اسداللہ خاں صاحب نے دے دیا۔ اس جذبہ کو دیکھتے ہوئے اور آئندہ کے حالات کو مدنظر رکھ کر حضور نے تعمیر ہال کی رقم دو لاکھ مقرر فرما دی۔ اور اپنی طرف سے دس ہزار روپیہ اس فنڈ میں دینے کا وعدہ فرمایا۔ اس فنڈ میں احباب جماعت کے وعدوں کو جب شمار کیا گیا تو دو لاکھ بائیس ہزار سات سو چونسٹھ روپے کی رقم ہو چکی تھی۔

2۔ منارۃ المسیح ہال کے ساتھ ایک عظیم الشان لائبریری کے قیام کی بھی تجویز تھی۔ 16 لاکھ روپے کا تخمینہ تھا بعد میں ہال اور لائبریری دونوں کی تعمیر کا خرچہ 25 لاکھ روپے حضور نے تجویز فرمایا۔

پانچ سال کے عرصہ میں احباب جماعت کو وعدے پورے کرنے کے لئے کہا گیا اور یہ بھی اجازت تھی کہ خواہ کوئی یکمشت ادائیگی کر دے۔

(تاریخ احمدیت جلد 10 ص 502 تا 510)

حفاظت مرکز

فروری 1947ء میں حضور نے پرخطر حالات کے پیش نظر حفاظت مرکز کے لئے چندہ میں نمایاں قربانی کا مطالبہ کیا تھا۔

(تاریخ احمدیت جلد 10 ص 642)

احمدی مہاجرین کی امداد

مشرقی پنجاب سے ایک لاکھ سے زیادہ احمدی مغربی پنجاب کی طرف ہجرت کر کے آئے تھے۔ ان کی غالب اکثریت تن کے کپڑے ہی بچا کر نکل سکی تھی۔ حضور نے ان مہاجرین کی امداد کے لئے تحریک فرمائی کہ ان احمدیوں کو کمبل، لحاف اور توشک مہیا کئے جائیں

اس تحریک پر احمدی جماعتوں نے ایثار و قربانی کا بہترین نمونہ دکھایا۔

(تاریخ احمدیت جلد 11 ص 99 تا 101)

تجارت کے لئے چندہ

27، 28 دسمبر 1947ء کو لاہور میں ظلی جلسہ سالانہ کا انعقاد ہوا۔ دوسرے دن کے خطاب میں حضور نے فرمایا۔ جس طرح عام چندہ لیا جاتا ہے۔ اس طرح آئندہ ایک اور چندہ لیا جائے گا جس سے مختلف مقامات پر کارخانے اور دکانیں کھولی جائیں گی اور یہ چندہ ہر ایک کے لئے لازمی ہوگا۔ اس وقت تجارت کا بہت موقعہ ہے۔ آڑھت کی تجارت بہت فائدہ مند ہے۔

(تاریخ احمدیت جلد 11 ص 445 و ص 457)

بیت الحمد ہالینڈ کی تعمیر کے لئے عورتوں کو تحریک

حضور نے بیت الذکر ہالینڈ کی مکمل تعمیر کے لئے عورتوں کو چندہ کی تحریک کی تھی۔ اگرچہ حضور کی طرف سے عورتوں سے ایک لاکھ پندرہ ہزار روپے کا مطالبہ تھا لیکن خواتین احمدیت نے اپنے آقا کے حضور ایک لاکھ تینتالیس ہزار چھ سو چونسٹھ روپے کی رقم پیش کر دی۔ 9 دسمبر 1955ء کو حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خاں صاحب نے اس بیت الحمد کا افتتاح فرمایا تھا۔

(تفصیل تاریخ احمدیت جلد 12 ص 177 تا 182)

بیت المبارک ربوہ کے لئے چندہ کی تحریک

بیت المبارک ربوہ جس کی بنیاد حضرت مصلح موعود...... نے 3 اکتوبر 1949ء کو رکھی تھی۔ اس کی تعمیر میں حصہ لینے کے لئے تمام احمدی جماعتوں کو تحریک فرمائی۔ حضور نے فرمایا کہ میرا خیال ہے کہ بیس پچیس ہزار روپیہ بلکہ پینتیس ہزار تک اس پر خرچ ہو جائے گا۔ حضور نے اپنی طرف سے اکیس روپے نقد ادا فرمائے اور پانچ سو روپے کا وعدہ بھی فرمایا۔ اس کار خیر میں حصہ لینے والوں کی مکمل تفصیل تاریخ احمدیت جلد 14 کے ص 15 تا ص 30 پر موجود ہے۔

تعمیر بیوت الذکر کے لئے مستقل نظام

اپریل 1952ء کی مجلس مشاورت کے موقعہ پر حضور نے تعمیر بیوت الذکر کے چندہ کا ایک مستقل نظام تجویز فرمایا جس کا خلاصہ یہ تھا کہ

1) ملازم پیشہ اپنی سالانہ ترقی کے پہلے ماہ کی رقم۔

AHMAD MONEY CHANGER

AHMAD MONEY CHANGER
£ $ D.M S.R ¥
AMC

Deals in: All Foreign currencies, Bank Drafts, T T, FEBC, Encashment Certificate

State Bank Licence # Fel (c)/15812-P-98

B-1 Raheem Complex, Main Gulberg II, Lahore,

Tel# 5713728. 5713421.5750480.5752796 Fax#5750480

BTC

All Kind of Leather Goods
Specialist in Gloves
OF All Kinds

BTC

MANUFACTURERS & EXPORTERS

Billoo

TRADING CORPORATION
P.O Box 877 Sialkot Pakistan

BILLOO TRADING CORPORATION
P.O Box 877 Sialkot Pakistan
Tel: Off (0432) 593756, Fac:(0432)267115-265197
Res: (0432) 591744, FAx:(0432) 592086,
Cable: BILLOO SIALKOT
E.mail:- billoo @ gjr. Paknet.com.pk.
Web site: www.billoo.con.com.

محبت سب کے لئے ☆ نفرت کسی سے نہیں

الفضل جیولرز

بازار صرافہ ۔ سیالکوٹ

پروپرائٹر: عبدالستار

فون شوروم 0432-592316

موبائل: 0300-9613255

جدید اور فینسی مدراسی اٹالین سنگاپوری ورائٹی دستیاب ہے

فائن آرٹ جیولرز

بازار شہیداں ۔ سیالکوٹ پروپرائٹر: سفیر احمد

فون رہائش: 0432-586297 موبائل: 0300-9613257

زیورات انٹرنیشنل سٹینڈرڈ کے مطابق بغیر ٹانکے کے تیار کئے جاتے ہیں نیز ڈائمنڈ ورائٹی کے لئے تشریف لائیں۔

E.mail alfazal @ skt.comsats.net.pk.

ہمارے ہاں پشاور اور کراچی ماربل کی تمام ورائٹی دستیاب ہے

بوٹی سینا، ٹرویرا، ورونا کنگ گولڈ اینڈ بلیک اینڈ گولڈ، اونکس ٹکڑا چپس، کچن ٹب اور سیڑھی، عام کالی پٹی، وائٹ نمبر 1 اور ہر قسم کی ماربل ٹائلز دستیاب ہیں

نواب ماربلز

سوساں روڈ مدینہ ٹاؤن فیصل آباد۔ فون 041-725392

(2) بڑے پیشہ ور ایک مہینے کی آمد کا پانچواں حصہ
(3) چھوٹے پیشہ ور مہینے کی کسی معینہ تاریخ کی مزدوری کا دسواں حصہ
(4) تاجر اصحاب مہینہ کے پہلے سودا کا منافع اس مد میں دیا کریں اور
(5) زمیندار احباب ہر فصل پر ایکڑ زمین میں سے ایک کرم کے برابر چندہ تعمیر بیوت الحمد ادا کیا کریں۔

(تاریخ احمدیت جلد 15 ص 85)

سلسلہ احمدیہ کی تاریخ کو محفوظ کرنے کی تحریک

اس سلسلہ میں حضور نے احباب جماعت سے بارہ ہزار روپیہ ابتدا میں طلب کیا اور کل خرچ کا اندازہ تیس پچیس ہزار روپیہ بتایا۔ اس تحریک کے لئے مد کھول دی گئی۔ جس کا نام "تصنیف تاریخ سلسلہ احمدیہ" رکھا گیا۔ اس مد میں جمع ہونے والی رقم کا استعمال حضور نے اپنے اختیار اور ہاتھ میں رکھا۔

یہ تحریک خاص "المصلح" کراچی کے شمارہ 20 مئی 1953ء میں شائع ہوئی جس کا مخلصین جماعت نے پرجوش خیر مقدم کیا۔

(تاریخ احمدیت جلد 17 ص 43)

تاریخ احمدیت کی وسیع اشاعت

تاریخ احمدیت کی جلد 4 اور جلد 5 جب شائع ہوئی تو حضور نے اپنے تاثرات کے ساتھ مخیّر احباب جماعت کو اپنے تحریری پیغام میں ان جلدوں کی وسیع اشاعت کے لئے آگے آنے اور اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی تحریک فرمائی۔ آپ کے یہ پیغامات الفضل 10 دسمبر 1963ء ص 1 اور الفضل 10 دسمبر 1964ء ص 1 پر شائع ہوئے۔

(تاریخ احمدیت جلد 17 ص 48-49)

فضل عمر ریسرچ انسٹی ٹیوٹ

ربوہ میں اس ادارہ کی تعمیر و تکمیل کے لئے حضور نے ایک دوست کو تحریک فرمائی کہ وہ اس کے لئے ایک لاکھ روپیہ جمع کریں اور خود بھی ایک لاکھ روپیہ جمع کرنے کا ارادہ کیا۔

اور بہت سی تحریکات کی وجہ سے حضور خود تو احباب جماعت کو تحریک نہ کر سکے مگر مذکورہ دوست نے باون ہزار روپیہ جمع کر لیا۔ جس سے یہ ادارہ تعمیر ہوا اور حضور نے 25 جون 1953ء کو صبح نو بجے اس کا افتتاح فرمایا۔

(تاریخ احمدیت جلد 17 ص 50)

حفاظتی تدابیر

اپریل 1954ء کی مجلس مشاورت میں حضرت مصلح موعود پر حملہ کے بعد حفاظتی کمیٹی اور حفاظتی تدابیر کے لئے خصوصی بحث ہوئی جس میں چوہدری عبداللہ خاں صاحب نے اپنی تقریر میں کہا کہ ہمیں حضور کی حفاظت کے پیش نظر انتظامات کی خاطر تقریباً 50 ہزار روپیہ منظور کرنا چاہئے۔ میاں غلام محمد اختر صاحب نے اپنی تقریر میں کہا کہ جماعت نے حفاظت مرکز کے لئے جتنا روپیہ دیا تھا اس سے دوگنا روپیہ حضور کی حفاظت کے لئے پیش کرنا چاہئے پچاس ہزار ابھی جمع کئے جائیں پانچ صد روپیہ میں اپنی طرف سے پیش کرتا ہوں۔ نمائندگان نے فوراً اپنی اور اپنی جماعتوں کی طرف سے وعدے لکھوانے شروع کر دیئے۔ مشاورت کے اگلے دن تک 75 ہزار روپے کی رقم جمع ہو گئی جو داخل خزانہ کر دی گئی۔

(تاریخ احمدیت جلد 17 ص 280 تا 285)

مشرقی پاکستان کے سیلاب زدگان کی امداد

اگست 1954ء میں مشرقی پاکستان میں ایک تباہ کن سیلاب آیا۔ حضور نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 3 ستمبر 1954ء میں احمدیوں پر زور دیا کہ وہ متاثرین کی امداد کیلئے جلد سے جلد چندہ جمع کر کے حب الوطنی کا ثبوت دیں۔ حضور نے اپنی طرف سے ایک ہزار روپیہ بھجوایا اور مزید رقم بھجوانے کا وعدہ بھی فرمایا۔ نیز احمدی جماعتوں نے بھی اس تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ کراچی کی جماعت نے پانچ ہزار کا وعدہ کیا۔

(تاریخ احمدیت جلد 17 ص 300-301)

حج فنڈ خدام الاحمدیہ

1954ء میں سندھ سے ایک احمدی دوست فضل الٰہی صاحب ارشد نے حضور کی خدمت میں تجویز پیش کی کہ مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ایک فنڈ قائم کرے جس میں جو رقم جمع ہو اس سے ہر سال کم از کم ایک احمدی کو حج بیت اللہ کرایا جائے۔ حضور نے اس تجویز کو پسند فرمایا۔ آپ نے اس سلسلہ میں فرمایا کہ فی الحال یہ تحریک کی جائے کہ جو شخص چھ سو روپیہ خود ادا کرے اسے اس فنڈ سے مزید چھ سو روپے دیئے جائیں گے تاکہ وہ حج کر سکے۔ چنانچہ 1954ء میں حج فنڈ مجلس خدام الاحمدیہ کی مد امانت کھول دی گئی۔

(تاریخ احمدیت جلد 17 ص 412)

احمدیہ دار الذکر لاہور کے لئے تحریک

15 جنوری 1954ء کو حضور نے احباب جماعت لاہور کو نئی بیت الذکر بنانے کی تحریک فرمائی۔ جس پر احباب جماعت نے جوش اور اخلاص سے لبیک کہا اور بہت جلد رقم جمع کر کے گڑھی شاہو میں چھ کنال زمین کا باموقعہ قطعہ خرید لیا۔

چنانچہ اس نئی بیت الذکر کا حضور نے 22 فروری 1954ء کو سنگ بنیاد رکھا۔ اس عالی شان بیت کی تعمیر

GALAXY TRAVEL SERVICES
(PRIVATE) LTD.
Govt. Licence No. 207
CATERS FOR ALL YOUR TRAVEL NEEDS. HIGHLY TRAINED STAFF EQUIPPED WITH MOST MODERN COMPUTER RESERVATION SYSTEM READY TO SERVE YOU. DO CALL US
3, TRANSPORT HOUSE, EGERTON ROAD - LAHORE
IATA
TEL: (042) 6366588 - 6367099 - 6310449 FAX: (042) 6361599

SAMISONS
سمیع سنز
فرنس آئل، کیروسین آئل، ہائی سپیڈ ڈیزل، لائٹ ڈیزل آئل، لبریکینٹس
ڈسٹری بیوٹرز برائے:
شیل پاکستان لمیٹڈ
فون 7725461-7728001-7722756
فیکس 7726944-7727906 بادامی باغ لاہور

طالب دعا: عبدالشکور اطہر
